Noble Quran القُرآن الحَكِيمُ

Urdu Translation (Shah Abdul Qadir) حضرت شاہ عبدِالقادر)) اردو ترجمہ بمعہ عربی

سورۃ البیّنۃ

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ

نہ تھے وہ لوگ، جو منکر ہیں کتاب والے اور شریک والے (مشرک) باز آتے، جب تک کہ پہنچے ان کو کھلی بات۔	.1
(یعنی) ایک رسول اللہ کا پڑھتا ورق (صحیفے) پاک۔	.2
اس میں لکھی کتابیں (تحریریں) مضبوط (درست)۔	.3
اور پھوٹے (بٹے فرقوں میں) جو ہیں، جن کو ملی ہے کتاب، سو جب آچکی ان کو کھلی بات،	.4
اور ان کو حکم یہی ہوا کہ عبادت کریں اللہ کی، نری (خالص) کر کر اسکے واسطے بندگی ابراہیم کی راہ پر، اور کھڑی کریں نماز، اور دیں زکوٰۃ، اور یہ ہے راہ مضبوط لوگوں کی۔	.5
وہ جو منکر ہوئے کتاب والے اور شریک والے (مشرک)، دوزخ کی آگ میں، سدا رہیں اس میں۔ وہ لوگ ہیں بدتر سب خلق (مخلوق) کے۔	.6

.7	وہ لوگ جو یقین لائے اور کئے بھلے کام، وہ لوگ بہتر ہیں سب خلق (مخلوق) کے۔
.8	بدلہ ان کا ان کے رب کے ہاں، باغ ہیں بسنے (سدا رہنے) کے، نیچے بہتی ان کے نہریں، سدا رہیں ان میں ہمیشہ۔ اللہ ان سے راضی اور وہ اس سے راضی۔ یہ ملتا ہے اس کو جو ڈرا اپنے رب سے۔ **********

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com